پروفیسر محمد ایوب قادری

# اجرت اور اسلام

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم سے قبل دنیا میں جہالت کی تاریکی چھائی ہوئی تھی انسانی زندگی کا ہر شعبہ زنگ آلود تھا انسان اپنے مرتبے کو بھول چکا تھا۔ ہر طرف لوٹ کھسوٹ ظلم وجور اور رہزنی اور قزاقی کا دور دورہ تھا مذہبی مقتدی ارباب من دون اللہ بنے بیٹھے تھے اور عوام الناس کو محض غلام سمجھتے تھے غریبوں کا کوئی پرسان حال نہ تھا مزدوروں اور اجیروں کی مٹی پلید تھی ان سے سخت سے سخت محنت لی جاتی تھی اور کم سے کم اجرت دی جاتی تھی غلاموں کی حالت تو جانوروں سے بھی بد تر تھی بعض اوقات مزدوروں کی جان محض ایک رسّی کے نقصان پر لے لی جاتی تھی مگر جب آفتاب اسلام طلوع ہوا تو کفر وضلالت کی تاریکی ختم ہو گئی۔ غریبوں کو زندگی کے حقوق ملے، غلا[illegible] کی حالت سنبھلی اور اجیر و مزدور کو چین ملا۔

## مزدوروں کی زبوں حالی :

غرض مزدوروں کی حالت سخت ناگفتہ تھی آج بیسویں صدی کی مہذب دنیا میں مزدور پیشہ طبقہ چنداں وقعت وعزت کی نظر سے نہیں دیکھا جاتا تھا کوئی حیثیت و وقعت نہیں۔ لوگوں کے دماغ میں اب تک تعصب کا غبار چھایا ہوا ہے کہ جسمانی محنت حقیر ہے اور جسمانی محنت کرنے والا کسی عزت کا مستحق نہیں۔ سرمایہ دار اور جاگیر دار میں تو ان کی پیسے ہی سے کوئی قدر نہیں تھی۔ مگر دین فطرت اور ایک مکمل نظام حیات کا مالک ہے اس میں اس قسم کے طبقاتی تصورات کی کوئی گنجائش نہیں ہے اسلام نے تمام مصنوعی وطبقاتی امتیازات ختم کر کے

© rasailojaraid.com

اخوت و مساوات کی تعلیم دی ہے اور عملی طور سے مزدور کے وقار کو بلند کیا اور محنت کو باعزت ٹھہرایا ہے۔

## قریش کا مسئلہ آجر و مزدور:

زمانہ جاہلیت میں مکہ میں آجر و مزدور کا باہمی تعلق نہایت خراب تھا اور آجر، مزدور پر پوری طرح حکمرانی کے حقوق حاصل کئے ہوئے تھا یہاں تک کہ اگر کوئی آجر، کسی مزدور کو جان سے مار ڈالتا تھا تو اس کی کوئی شنوائی نہ ہوتی تھی۔

## محنت اور قرآن:

محنت کے بابت قرآن حکیم نے ہمارے سامنے تین پیغمبروں کی زندگی بطور نمونہ پیش کی ہے۔

اوّل حضرت یوسف علیہ السلام دوم حضرت موسیٰ علیہ السلام اور سوم حضرت داؤد علیہ السلام ہیں۔

## حضرت یوسف علیہ السلام:

حضرت یوسف علیہ السلام کا واقعہ اس وقت زیر بحث آتا ہے جب وہ جیل سے رہا ہو کر عزیز مصر کے پاس پہنچتے ہیں اور جب یہ بحث آتی ہے کہ ان کو کون سا عہدہ عطا کیا جائے تو فرماتے ہیں کہ مجھے محکمۂ مالیات پر مقرر کیا جائے کیونکہ میں بہت علم رکھنے والا ہوں اور حفاظت کرنے والا ہوں اور عزیز مصر نے بھی کہا تھا کہ

"آپ امین ہیں اور میں اس وجہ سے بھی آپ کو اس عہدے پر مقرر کرنا چاہتا ہوں"

## حضرت موسیٰ علیہ السلام:

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے بارے میں اس وقت ارشاد ہوتا ہے جب وہ مصر چھوڑ کر مدائن کی جانب روانہ ہوتے ہیں۔ یہاں ان کی ملاقات حضرت شعیب علیہ السلام سے ہوتی ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں تمہارے ساتھ اپنی ایک لڑکی کی شادی کردوں گا بشرطیکہ تم اس کا مہر اس طرح ادا کرو میری بکریاں آٹھ سال تک چراؤ اور اگر دس سال تک چراؤ تو یہ تمہاری مہربانی ہوگی۔ اس موقعہ پر حضرت شعیب علیہ السلام کی صاحبزادی فرماتی ہیں کہ اے باپ! آپ جس شخص کو محنت کے لئے رکھتے ہیں اس میں سب سے بہتر وہ ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

جو قوی اور ایمان دار ہو چونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا کام جسمانی مشقت کا تھا اس لئے قوی ہونے کی شرط ضروری سمجھی گئی ویسے امین ہونے کی شرط خاص ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام اس پر رضامند ہو گئے اور ان کی شادی حضرت شعیب علیہ السلام کی صاحبزادی سے ہو گئی۔

اس باب میں کوئی تشریح نہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کتنے سال بکریاں چرائیں لیکن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دس سال بکریاں چرائی ہوں گی کیونکہ ایک پیغمبر اور بالخصوص حضرت موسیٰ علیہ السلام سے یہی توقع تھی۔

## حضرت داؤد علیہ السلام:

اسلام نے صنعت و حرفت کی ہمیشہ حوصلہ افزائی کی ہے اور اسے انسانی معاشرے کی فلاح و بہبود کا ذریعہ ٹھہرایا ہے مقدامؓ کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے ہاتھ کی کمائی سے بہتر کوئی کھانا نہیں اور حضرت داؤد علیہ السلام اپنے ہاتھ کی کمائی کھاتے تھے مشہور ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام زرہ بنایا کرتے تھے گویا حدادی کے کام سے ان کا تعلق تھا۔

## اجیر و آجر کی خصوصیات:

اجیر کے بارے میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا کہ اسے امین ہونا چاہیئے۔ دوسرے اس میں اس کام کی جو اس کے سپرد کیا جائے پوری صلاحیت ہونی چاہیئے۔ آپ نے فرمایا کہ وہ روزی جو امانت داری سے حاصل کی جاتی ہے حلال و طیب ہے جو شخص مزدور رکھے اس کے لئے دو شرائط ہیں اول یہ کہ اجیر کی اجرت اس کے کام اور محنت کے لحاظ سے ادا کرے اور دوسری چیز یہ ہے کہ اجیر کی اجرت اسی وقت دے دے کہ اس کا پسینہ خشک نہ ہونے پائے اور اگر فوراً نہ دے سکے تو یہ دو باتیں ضروری ہیں۔

۱۔ اجیر کو خندہ پیشانی سے رخصت کرے اور کوئی بات ایسی پیش نہ آنے دے جس سے اجیر کو کسی قسم کی تکلیف یا رنج پہنچے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

۲۔ مستاجر اگر اپنی صواب دید کے مطابق رقم بعد میں ادا کرتا ہے تو اسے چاہیئے کہ وہ کچھ رقم اضافہ کر کے دے تاکہ وہ خوش ہو جائے۔

## نبی کریم کا اسوۂ حسنہ :

خود حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ میں تجارت کے علاوہ "عمل بالید" کا سراغ ملتا ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بکریاں چرائیں اور اس کا ذکر فخریہ فرمایا کہ آپ نے اجرت پر بھی کام کیا ہے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے :۔

الکاسب حبیب اللہ :۔ کسب کرنے والا اللہ کا دوست ہے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ خندق کے موقع پر خندق کھودنے میں شرکت فرمائی ایک دفعہ ایک سفر میں صحابہ کرام نے کھانے کی تیاری میں مختلف کام اپنے اپنے ذمہ لے لئے۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لکڑیوں کی فراہمی کا کام اپنے ذمہ لیا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنا کام اکثر خود کرتے تھے، جھاڑو خود دے لیتے تھے۔ کپڑوں میں پیوند لگا لیتے تھے۔ جوتیاں درست فرما لیتے تھے غرضیکہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ کی روشنی میں محنت کی عظمت مسلمہ ہے خلیفہ دوم سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے حالات میں بکریاں چرانے اور اینٹیں تھاپنے کا بھی ذکر ملتا ہے خلیفہ سوم سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ تو ایک ممتاز تاجر تھے۔

## عمل صحابہ کرام رضی اللہ عنہم :

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی معاشرہ کی ترقی و بقا کے لئے خود محنت کی۔ خلیفہ اول سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کپڑا فروخت کرتے تھے بلکہ آپ نے خلافت کی ذمہ داریوں کے بعد بھی یہ کام جاری رکھنا چاہا۔ اسی طرح آپ ایک بوڑھی عورت کے گھر جا کر اس کی بکریوں کا دودھ دوہا کرتے تھے اور خلافت کی ذمہ داریاں سنبھالنے کے بعد بھی یہ سلسلہ جاری رہا اسی طرح خلیفہ چہارم سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے چند کھجوروں کے عوض ایک یہودی کے کھیت کو پانی دیا تھا۔ دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم بھی کسب معاش کے کسی نہ کسی طریقے پر کاربند تھے۔ مہاجرین کا عام مشغلہ تجارت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اور انصار کا زراعت تھا غرض صحابہ کرامؓ جو براہ راست صحبت نبویؐ کے فیض یافتہ تھے محنت و مزدوری کو عیب نہ سمجھتے تھے اور کسب حلال کو فرض جانتے تھے ان ہی کی صحبت سے مشرف ہونے والے تابعین تھے جنہوں نے اپنے بسر اوقات کے لئے چھوٹی موٹی تجارت، زراعت یا حرفت کے پیشے پر قناعت کی اسلام کی اسی تعلیم کا اثر تھا کہ مدتوں بعد بھی اکابر اسلام اپنی مشقت سے روزی کمانے کو ضروری جانتے تھے۔ اور سوسائٹی پر بار بننا پسند نہ کرتے تھے۔

## عظمت مزدور:

اُجرت کے متعلق سب سے اہم اور بنیادی مسئلہ محنت کی عزت اور مزدور کا وقار ہے دنیا میں ہمیشہ مزدوروں کا طبقہ معاشرے میں ایک پسماندہ طبقہ شمار کیا گیا ہے۔ انبیائے کرام، خود حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے واقعات اور صحابہ کرامؓ کا ذکر کیا جا چکا ہے کہ ان حضرات نے ہاتھ سے کام کیا ہے اور اُجرت پر بھی کام کیا ہے۔ اسلام میں مزدور کے مقام کو متعین کرنے کے لئے یہی کافی ہے۔ یہ تو اسلامی تعلیم کا اخلاقی پہلو تھا۔ قانونی حیثیت سے اسلام نے آجر اور اجیر کے ہر مصنوعی امتیاز کو اُٹھا دیا ہے اور آجر و اجیر کو معاشرے میں پورا مساوی درجہ دیا ہے یہاں یہ بات کہنی بے موقع نہ ہوگی کہ ذات پات اور اونچ نیچ کے امتیاز کو ختم کر دینے سے آجر و اجیر کے خود ساختہ امتیازات خود بخود ختم ہو جاتے ہیں آخر میں مزدور کے وقار کے لئے اس حدیث کا اعادہ بھی ضروری ہے کہ اپنے ہاتھ سے مزدوری (کسب) کرنے والا خدا کا محبوب ہے۔

## مسئلہ اجرت کی اہمیت:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اجیر کی اجرت کو اتنا اہم قرار دیا ہے کہ جس کے بغیر قوم فارغ البالی کی زندگی بسر نہیں کر سکتی کارخانۂ ہستی کو اسلام مضبوط و منظم کرنا چاہتا ہے مزدور اس کے لئے ایک اہم ترین عامل ہے اور اس کے عمل کا محور اسکی اجرت ہے قرآن کریم نے سورۂ مائدہ کے شروع میں ہر اس معاملے کو پورا کرنے کی تاکید فرمائی ہے جو ایک انسانی قانون توڑے بغیر کر سکتا ہے۔ چنانچہ سورہ مائدہ کا آغاز اس طرح ہوتا ہے۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ۔ اے ایمان والو پورا کرو قرار

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ایک مرتبہ کا ذکر ہے کہ ایک انصاری حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضورؐ نے ان کا ایک پیالہ نیلام کر کے دو درہم دلواتے ایک درہم سے کلہاڑی خریدی گئی حضورؐ نے اپنے دستِ مبارک سے کلہاڑی میں دستہ ڈالا اور ان سے فرمایا کہ لکڑیاں کاٹو اور بیچو۔ انہوں نے ایسا ہی کیا ان انصاری کو مرفہ الحالی نصیب ہوئی اس حدیث سے مزدوری اور محنت کی عظمت کا حال ظاہر ہے۔

## تعیّن اجرت :

آج کل دنیا میں سرمایہ دار اور مزدور کے درمیان کشمکش اور رسہ کشی جاری ہے اور بعض خطرناک تحریکیں اس کشمکش کے نتیجے میں پرورش پا رہی ہیں۔ سرمایہ دار مزدوروں کو نوکر رکھ کر ان کی اجتماعی محنت سے نفع حاصل کرتا ہے اور ان کو چند ٹکے دے دیتا ہے اسلام تعین اجرت کے لئے واضح ہدایات فرمائی ہیں۔ جن نے بعض مفاسد کا کلی انسداد ہو جاتا ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ "وہ (مزدور) تمہارے بھائی ہیں ان کو خدا نے تمہارے ماتحت کیا ہے۔ پس جس کے ماتحت خدا نے اس کے بھائی کو کیا ہو اس پر ضروری ہے کہ جو خود کھائے وہی اس کو بھی کھلائے جو خود پہنے وہ اس کو پہنائے اور جو کام اس کی طاقت سے باہر ہو اس کی اسے تکلیف نہ دے اور اگر کسی دشوار کام کی تکلیف دے تو اس کی مدد کرے اس حدیث سے درج ذیل امور بآسانی مستنبط ہوتے ہیں۔

۱۔۔۔۔ آجر کو اپنا بھائی سمجھے۔ دونوں کے تعلق کی نوعیت دو بھائیوں کی سی ہے۔

۲۔۔۔۔ کم از کم کھانے اور پہننے کی حد تک دونوں کی سطح برابر ہے۔

۳۔۔۔۔ وقت اور کام دونوں کے حساب سے مزدور پر اتنا بوجھ نہ ڈالا جائے۔ جو اسکو تھکا دے۔

۴۔۔۔۔ اگر کوئی ایسا کام آجائے تو جس کی انجام دہی میں دشواری ہو تو آجر کا فرض ہے کہ اس کی مدد کرے اس سلسلے میں اوقات کار کی تحدید بھی بیان کر دینا مناسب ہو گی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عام قانون یہ ارشاد فرمایا کہ کام کی مقدار

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اور کام کا وقت اتنا ہونا چاہیئے جس پر ہمیشگی ہوسکے نیز معقول اجرت کے لئے اسلام نے مزدوروں کو پوری آزادی دی ہے اس سلسلے میں اسے یہاں تک آزادی بخشی ہے کہ ایک شہر میں مزدوروں کی کثرت اور کام کی قلت کی صورت میں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوجانے کی ترغیب دی ہے یہ بات بیان کرنی دلچسپی سے خالی نہ ہوگی کہ جب کفار مکہ نے مسلمان مزدوروں کے ساتھ بالخصوص زیادتیاں شروع کردیں تو قرآن پاک نے ہجرت کی تبلیغ و ترغیب ان الفاظ میں دی۔

"جو شخص خدا کی راہ میں ہجرت کرتا ہے وہ زمین میں اپنے لئے فارغ البالی اور کشادگی پاتا ہے۔"

اسی لئے اسلام میں پیشے کی آزادی ہے جو چاہے پیشہ اختیار کرے مزدوروں کی فارغ البالی کے لئے اسلام کے معاشی نظام میں ہر غریب کو کافی روزی بہم پہنچانے کی ذمہ داری حکومت کے ذمہ ڈالی گئی ہے زکوٰۃ۔ فے، اموال صدقات و عشر وغیرہ کا بڑا مصرف عام باشندوں کی معاشی کفالت ہے۔

## چند دوسری واضح ہدایات:

اسلام ایک عالمگیر نظام حیات ہے۔ لہٰذا وہ دنیا کی فلاح و بہبود اور انسانیت کی بقا و تحفظ کے اصول پیش کرتا ہے اس کی نظر میں محنت معاشی نظام کا ایک اہم ترین جزو ہے لہٰذا وہ سرمایہ دار اور مزدور کے لئے اعتدال، باہمی تعلقات اور اشتراک کا نمونہ پیش کرتا ہے۔ اسلام ان چیزوں کو بیخ و بن سے مٹانے کا داعی ہے جو مزدوروں کے حقوق پامال کرتے ہیں یا جن سے افراط و تفریط عدم تعاون اور عدم اتحاد ظاہر ہوتا ہے چنانچہ وہ محنت کے ایسے اصول پیش کرتا ہے جن سے عادلانہ اور صالحانہ نظام معاشرت کے قیام میں مدد ملے اس سلسلے میں خاص خاص باتیں درج ذیل ہیں۔

۱۔ اجرت کم دی جائے کیونکہ مزدور بے چارہ غریب بے کس اور فاقہ زدہ ہوتا ہے لہٰذا وہ بسا اوقات کم اجرت پر بھی راضی ہو جاتا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

۲۔۔۔ کم سے کم اجرت دے کر زیادہ سے زیادہ محنت نہ لی جائے اسلام اس کو ظلم قرار دیتا ہے۔

۳۔۔۔ مزدوروں کی اجرت مقرر کر دی جائے ایسا نہ ہو کہ کام کرنے کے بعد انہیں کم اجرت دی جائے اسلام اس کو ناپسند کرتا ہے۔

۴۔۔۔ مزدوروں کی اجرت کے ادا کرنے میں حیلہ و حجت نہ کی جائے اسلام کی نظر میں یہ بات ناپسندیدہ ہے۔

۵۔۔۔ مزدوروں کا حق تلف کر کے اور مزدوروں پر خراب کام کرنے کا الزام لگا کر جرمانے کے نام سے مزدوری واپس نہ لی جائے اسلام نے اس کو بھی افراط و تفریط سے تعبیر کر کے اس کا انسداد کیا ہے۔

۶۔۔۔ مزدور اور نوکر کے ساتھ چشم پوشی کا برتاؤ کرنا چاہیئے۔ ایک شخص حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور اس نے دریافت کیا کہ میں اپنے نوکر کو کتنی دفعہ معاف کیا کروں راوی کا بیان ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش ہو گئے اس پر اس نے وہی سوال دہرایا تب ارشاد ہوا روزانہ ستر مرتبہ معاف کیا کرو۔ (ابوداؤد ترمذی)۔

اس سے فقہائے اسلام نے استنباط کیا ہے کہ اگر مقررہ مدت کی تنخواہ پر ملازم سے بلا قصد نقصان ہو جائے تو تاوان نہ لیا جائے۔

## شرکت منافعہ:

اسلام نے مزدور کی اجرت کا تحفظ کرتے ہوئے اس بات کو پسند کیا ہے کہ مزدور کو اس کام کی منفعت میں شریک کیا جائے مسند احمد میں یہ روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عاملوں کو ان کے عمل سے حصہ دو اس لئے کہ یہ تمہارا عمل اللہ کے لئے ہوگا جس میں تمہیں کبھی گھاٹا نہ ہوگا۔ حدیث کی کتابوں میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی یہ روایت مذکور ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تمہارا خادم کھانا تیار کر کے لائے تو اسکو اپنے ساتھ کھانے پر بٹھا لو اور اگر یہ نہ کر سکو تو کم سے کم چند

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

[illegible] کے لئے دے دو کہ اس نے کھانے پکانے میں گرمی دھواں اور دوسری مشقتیں برداشت کی ہیں۔ اس کو اپنی مشقت کا پورا پھل ملنا چاہیئے تاکہ وہ یہ نہ سمجھے کہ میں اپنی محنت سے مستفید نہیں ہوں اور محنت کا پورا ثمرہ آقا کو پہنچ رہا ہے۔

## حکومت کی نگرانی:

جس طرح حکومت کو اجیروں اور آجروں کے جھگڑوں کو ختم کرنے کے لئے مدافعت کا حق حاصل ہے اسی طرح حکومت کو ان کے کام کی نگرانی رکھنے کا پورا حق حاصل ہے ابو مسعود انصاریؓ کا بیان ہے کہ ایک دن کو اپنے غلام کو مار رہا تھا پیچھے سے آواز آئی ابو مسعود! ابو مسعود! میں نے مڑ کر دیکھا تو آواز دینے والے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ آپؐ نے فرمایا اے ابو مسعودؓ یہ معلوم کر کے تجھکو اپنے زیر دست پر جتنی قدرت حاصل ہے خدا کو اس سے زیادہ قدرت تجھ پر حاصل ہے خدا کو نہ بھولو! ایسا نہ ہو کہ قیامت کے دن تیرا یہ کوڑا غلام کے ہاتھ میں ہو۔ میں نے عرض کیا کہ میں نے یہ غلام خدا کی راہ میں آزاد کیا یہ سن کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلمؐ نے فرمایا کہ اگر تو ایسا نہ کرتا تو دوزخ کی آگ تجھکو جھلس ڈالتی۔

خلیفہ دوم حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ اکثر مدینے سے باہر تشریف لے جاتے اور اگر کسی شخص کو اس طرح کام کرتے ہوئے دیکھتے جو اس کی برداشت سے باہر ہو اس کے آجر کو اس کی طاقت کے مطابق کام لینے پر مجبور کرتے۔ حضرت فاروق اعظمؓ نے اپنے دورِ خلافت میں محتسب مقرر کئے اور ان کو یہ حکم دیا گیا کہ اگر کسی مزدور پر زیادتی ہو تو اس کے آجروں سے بازپرس کی جائے اور آجروں کو یہ حکم دیا جائے کہ اجیروں کی برداشت سے زیادہ کام نہ لیا جائے اس طرح اگر کوئی شخص اپنے جانوروں کو پوری خوراک نہ دے یا طاقت سے زیادہ کام لے تو اس سے بھی مؤاخذہ کیا جائے۔ حتیٰ کہ ملاحوں کی کشتیوں میں اتنا بوجھ لادنے کی ہرگز اجازت نہ دی جائے کہ جس سے غرق ہونے کا خطرہ ہو حکومت کو چاہیئے کہ مزدوروں کی محنت کا بھی خیال رکھے ایک بار آپ کو یہ اطلاع ملی کہ ایک کارخانہ دار، بیمار مزدوروں کی عیادت کو نہیں جاتا آپ نے محتسب کو ہدایت کی کہ کارخانہ دار سے بازپرس کی جائے اور اس کو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ایک طبیب مقرر کرنے کی فہمائش کی جاتے اور اگر اس کی آمدنی طبیب کا بوجھ نہ اٹھا سکے تو بیت المال کی طرف سے فوراً طبیب مقرر کر دیا جائے اس سلسلے میں حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی بڑا خیال تھا آپ مزدوروں کو صاف ستھرا رہنے کا حکم دیا کرتے تھے۔ جمعہ کا غسل فقہی طور پر مسنون ہے اس کا سبب بھی مزدوروں کی ایک جماعت تھی آپ نے مزدوروں کو مخاطب کرتے ہوتے فرمایا کہ تم روزانہ غسل نہیں کر سکتے تو کم از کم ہفتہ میں جمعہ کو غسل ضرور کیا کرو۔ ایک زمانے تک غسل فرض کی حیثیت سے کیا جاتا رہا۔ لیکن بعد میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس غسل کا سبب بیان فرماتے ہوئے مسنون قرار دیا۔

اسلام اپنے اقتصادی نظام میں مزدوروں اور پیشہ وروں کو بھی ارباب راس المال کے ساتھ زیادتی اور تعدّی کرنے سے روکتا ہے اور نہیں چاہتا کہ ایک طرف سے افراط اور دوسری طرف سے تفریط ہو۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بہترین کمائی مزدوروں کی کمائی ہے بشرطیکہ وہ خیرخواہی اور بھلائی کے ساتھ کام والے کا کام انجام دے۔

---

# اِلھامُ الرحمٰن فی تفسیرِ القرآن

من امالی

الاستاذ عبیداللہ السندیؒ

الجزء الثانی

قیمت دس روپے

ملنے کا پتہ

شاہ ولی اللہ اکیڈمی صدر، حیدرآباد،

© rasailojaraid.com